© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆وزیراعلیٰ سرحد سے کہہ دیا تھا کہ توڑے گئے بورڈ دوبارہ لگوائیں۔(صدر پرویز)

اور طالبان، افغانستان میں بت دوبارہ بنوائیں۔

☆امریکہ وردی پر مطمئن ہے۔(صدر پرویز)

این او سی مل گیا۔

☆آئین کے ساتھ ایل ایف او ایسے ہی ہے جیسے مشرف کے ساتھ جمالی۔(مجید نظامی)

کیا خوب تشبیہ ہے۔!

☆دیانتداری کے باعث امریکی صدر کو متاثر کیا۔(صدر پرویز)

اپنے منہ میاں مٹھو۔!

☆مینار ٹیز نے شریعت بل کے خلاف ملک گیر تحریک چلانے کا اعلان کر دیا۔(شہباز بھٹی)

کہ حکومت مینار ٹیز کی نمائندہ ہے۔

☆سمجھ نہیں آتا اسرائیل سے کیا دشمنی ہے؟(صدر پرویز)

حالانکہ قوم سمجھ گئی ہے کہ جنرل پرویز کی اسرائیل سے دوستی ہے۔

☆بش افریقہ آئے تو ملاقات نہیں کروں گا۔(نیلسن منڈیلا)

غیرت ہو تو ایسی ہو۔!

☆پاکستانیوں کی اکثریت مُلّائیت کی خواہاں نہیں۔(صدر پرویز)

اب کھلا تجھ پہ یہ راز　　مسٹر بش سے ملاقات کے بعد

☆مکہ مکرّمہ میں صدر پرویز، عمرہ کی ادائیگی کے دوران، حجر اسود کی زیارت کر رہے ہیں۔(ایک تصویر)

''گواہ رہنا، میں داڑھی نہیں رکھوں گا''۔

☆ہماری معاشی حالت دنیا کے لیے مثال ہے۔(صدر پرویز مشرف)

میرے اِدھر بھی آدمی ہیں اور اُدھر بھی آدمی

اِن کے جوتوں پر چمک ہے اُن کے چہروں پر نہیں


© rasailojaraid.com